تبصرہ کتب

محمد رمضان یوسف سلفی

کتاب کا نام : تفسیر سورہ کوثر

مفسر: پروفیسر حکیم مولانا عبدالرشید حنیف حفظہ اللہ

ضخامت صفحات:200

قیمت:140 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: ادارہ علوم اسلامی گلی عمیر رشید سمن آباد جھنگ صدر

برصغیر پاک و ہند میں علمائے اہلحدیث نے جہاں خدمت حدیث کے سلسلے میں تراجم اور شروحات سے وقیع خدمات سرانجام دی ہیں وہیں انہوں نے قرآن مجید اور اس سے متعلقہ علوم کو بھی خاص طور سے موضوع سخن بنایا ہے۔اہل حدیث کی تاریخ کا یہ بہت ہی روشن باب ہے۔اس خطہ ارض میں سینکڑوں ایسے علمائے اہلحدیث پیدا ہوئے جنہوں نے قرآن مجید سے متعلق علوم وفنون سے آگاہی حاصل کی اور پھر اپنے وسعت مطالعہ، تبحر علمی اور فہم وفراست سے قرآن مجید کی تفاسیر لکھ کر خدمت قرآن کا فریضہ ادا کر کے نیک نام ہوئے۔

خادمین قرآن کے ایسے ہی خوش بخت علماء میں ایک نام مولانا عبدالرشید حنیف صاحب کا ہے۔جو اپنے علم وعمل، گفتار وکردار اور رسوخ عمل کے باعث جماعت اہلحدیث میں اونچے مقام ومرتبے کے حامل عالم دین شمار ہوتے ہیں۔انہوں نے ضلع جھنگ اور اس کے گردونواح میں دعوت وتبلیغ کے میدان میں بے پناہ کام کیا ہے۔تحریر و نگارش سے ان کو خاص شغف ہے۔80 کے قریب ان کی تصنیفات ہیں اس سے ان کے علمی ذوق اور تصنیفی خدمات کا بخوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔مولانا عبدالرشید حنیف صاحب کو قرآن حکیم سے خاص لگاؤ ہے اور یہی وجہ ہے کہ اب تک وہ سورہ عصر اور سورہ یٰسین کی جامع تفسیر لکھ کر عوام اور اہل علم سے داد وتحسین وصول کر چکے ہیں۔اب سورہ کوثر کی نہایت عمدہ اور علمی تفسیر انہوں نے نذر قارئین کی ہے۔

بلاشبہ سورہ کوثر اپنے دامن میں بڑی گہرائی اور معانی وافکار کی وسعت لئے ہوئے ہے۔تین آیتوں پر مشتمل قرآن کی یہ سب سے چھوٹی سورت ہے۔مولانا عبدالرشید حنیف صاحب نے اس سورت میں پنہاں نکات کو نہایت عمدگی سے حوالہ قرطاس کیا ہے اور اس کی تشریح و تفسیر میں دیگر قرآنی آیات اور احادیث پیش کی ہیں۔کتاب کے شروع میں ایک جامع مقدمہ ہے اس میں اس سورت کے نزول کی وجہ اور اس میں بیان کردہ مسائل و احکامات کو وضاحت سے بتادیا گیا ہے۔

مولانا عبدالرشید حنیف صاحب کا اسلوب تفسیر مفسرین کرام اور علمائے سلف سے ہم آہنگ ہے۔اس تفسیر میں ان کی ذاتی تحقیق اور وسعت مطالعہ کی جھلک بھی دکھائی دیتی ہے۔مسائل بیان کرتے وقت وہ کسی تکلف اور تصنع سے کام نہیں لیتے بلکہ سادہ سے اسلوب میں قرآن و سنت کی روشنی میں اپنے مافی الضمیر کا اظہار کر دیتے ہیں۔پہلے وہ ایک آیت لکھتے ہیں پھر ایک ایک لفظ کی گرائمر کے لحاظ سے تشریح کرتے ہیں اور ان الفاظ میں پنہاں علمی رموز واوقاف کی وضاحت فرماتے ہیں۔آخر میں اس آیت کی تفسیر میں احادیث اور دیگر حوالہ جات پیش کرتے ہیں۔سورہ کوثر کی یہ تفسیر علمی اعتبار سے قابل قدر کاوش ہے۔اس پر مؤلف کی خدمت میں ہم ہدیہ تبرک پیش کرتے ہیں۔دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا عبدالرشید حنیف صاحب کو صحت وسلامتی دے اور وہ اسی طرح کے جواہر پارے قارئین کی خدمت میں پیش کرتے رہیں۔

کتاب کانام: (۱) مقدمہ سورہ اخلاص

(۲) تفسیر سورہ اخلاص

یہ تفسیر مولانا عبدالرشید حنیف صاحب کی لائق تحسین علمی کوشش ہے۔اول الذکر کتاب سورہ اخلاص کا جاندار مقدمہ ہے۔اس میں انبیائے کرام اور مسئلہ توحید، عالم آخرت، میثاق توحید، خالق ومخلوق میں فرق، عقیدہ توحید، وحدت الوجود، شرک کی تاریخ، وسیلہ، جنات پرستی ایسے عنوانات پر گفتگو کی گئی ہے۔تفسیر سورہ اخلاص **144** صفحات پر مشتمل ہے اس میں سورہ اخلاص کا شان نزول، وجہ تسمیہ، فضیلت وعظمت، احادیث کی اسناد پر تنقیح۔جیسے موضوعات پر علمی وتحقیقی گفتگو کی ہے۔اختصار کے باوجود جامعیت کا پہلو لئے ہوئے یہ تفسیر بہت عمدہ ہے۔مولانا محترم نے اس سورہ میں پنہاں توحیدی نکات کو خوب اجاگر کیا ہے۔دونوں کتابیں مواد اور طباعت کے لحاظ سے بہت عمدہ شائع ہوئی ہیں۔اللہ رب العزت مولانا کو جزائے خیر دے کہ انہوں نے قارئین کی خدمت میں ایک علمی تحفہ پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔کتاب کے حصول کیلئے ادارہ علوم اسلامی سمن آباد جھنگ صدر کے پتہ پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔